روزنامہ اساس راولپنڈی

Saturday12, February, 2011

پسماندہ علاقوں میں خواتین کی تعلیم پر توجہ کی اشد ضرورت ہے

مختاراں مائی

تعلیم کی کمی کی وجہ سے پسماندہ علاقوں کی عورتوں کو ظلم وزیادتی کا سامنا کرنا پڑرہا ہے، سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) دیہی علاقوں کی عورتوں کو تعلیم کی کمی اور شعور نہ ہونے کی وجہ سے ظلم وزیادتی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ملک بھر میں عورتیں معاشرے میں بے شمار مسائل کا سامنا کررہی ہیں، دیہی علاقوں کی عورتوں میں شعور پیدا کرنے کیلئے پسماندہ علاقوں میں تعلیم کو بڑھانے کی اشد ضرورت ہے تا کہ پسماندہ علاقے کی عورت کو بھی اپنے بنیادی حقوق کا علم ہو اور وہ اپنے ساتھ ہونے والے ظلم اور ناانصافی کے خلاف آواز اٹھا سکے، انسانی حقوق اتحاد میں شامل تمام این جی اوز اور عورتوں کے حقوق کیلئے کام کرنے والی تنظیمیں تب تک خاموش اور چین سے نہیں بیٹھیں گی جب تک عورتوں کے ساتھ ناروا سلوک اور ناانصافی کا خاتمہ نہیں ہوجاتا اور انہیں زندگی کے بنیادی حقوق میسر نہیں آجاتے، حلیمہ بھٹو کے مسئلے کو حل کرنے تک تمام انسانی حقوق اتحاد کی تنظیمیں چین سے نہیں بیٹھیں گی اور اسے انصاف دلوانے کیلئے ہرفورم (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

بقیہ // مختاراں مائی (12)

پر آواز اٹھاتے رہیں گے، ان خیالات کا اظہار مختلف غیر سرکاری تنظیموں اور عورتوں کے حوالے سے کام کرنیوالی این جی اوز کے نمائندوں نے عورتوں کے قومی دن کے حوالے سے عورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا، عورتوں کے حقوق پر کام کرنیوالی خاتون مختاراں مائی نے کہا کہ پسماندہ علاقوں کی عورتیں تعلیم کی کمی اور شعور نہ ہونیکی وجہ سے ظلم وزیادتی کا نشانہ بنتی ہیں اور انہیں معاشرے میں مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، پسماندہ علاقوں میں تعلیم کو عورتوں میں عام کرنیکی اشد ضرورت ہے

خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے حکومت موثر اقدامات کررہی ہے

شہناز وزیر

عورتوں کو حقوق دلوانے کے حوالے سے پیپلز پارٹی کی خدمت کسی سے ڈھکی چھپی ہوئی نہیں ہیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم کی سابق مشیر اور پی پی کی رہنما شہناز وزیر علی نے کہا کہ بے نظیر شہید کا معاشرے کی خاتون کو بااختیار بنانا اور اسے معاشی استحکام دینا مشن تھا جسے موجودہ حکومت پایہ تکمیل تک پہنچائے گی خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے حکومت موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تا کہ ان کو اپنے بنیادی حقوق فراہم ہوسکیں کسی بھی معاشرے اور ملک وقوم کی ترقی میں خواتین کا بہت اہم کردار ہوتا ہے خواتین کے حقوق کی جنگ بھی جاری ہے جسے پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے اور عورت کو روایتی رسم و رواج اور انتہا پسندی کی بھینٹ نہیں چڑھنے دینا بلکہ اسے ایک بااختیار زندگی گزارنے کا حق دینا ہے ملک میں جمہوری نظام ہوتے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

بقیہ // شہناز وزیر (10)

ہوئے بھی کئی پسماندہ علاقوں میں عورتیں رسم ورواج کی بھینٹ چڑھ رہی ہیں جس کے خاتمے کیلئے ہمیں اپنی جدوجہد جاری رکھنی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پاکستان نیشنل کونسل آف آرٹس میں قومی کمیشن برائے وقار نسواں ودیگر غیر سرکاری تنظیموں کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ عورتوں کو حقوق دلوانے سے پیپلز پارٹی کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں بے نظیر شہید کا خواتین کو بااختیار بنانا مشن تھا جسے پورا کریں گے